# 8867 ـ طلاق بائن کی عدت میں خاوند فوت ہو جائے تو کونسی عدت گزاری جائیگی ؟

**سوال**

ایك عورت جسے طلاق بائن ہو چکی تھی کا خاوند دوران عدت گاڑی کے ایکسیڈنٹ میں فوت ہو گیا، اب وہ کونسی عدت بسر کریگی آیا بیوہ کی یا کہ طلاق کی ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ جناب محمد صالح العثیمین رحمہ اللہ کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا:

یہ عورت طلاق کی عدت پوری کریگی.

سوال:

کیا اس عورت کے لیے خاوند فوت ہونے کی عدت بھی ہو گی ؟

جواب:

نہیں، اس عورت پر متوفی عنہا زوجھا کی عدت نہیں ہوگی؛ کیونکہ طلاق بائن کی بنا پر اس عورت اس شخص کے سے تعلق منقطع ہو چکا ہے " انتھی

واللہ اعلم .